NYC میں خواتین میں HIV، 2023
کی ایک اسنیپ شاٹ

وہ لوگ جن میں HIV کی نئی نئی تشخیص ہوئی ہے



HIV کے ساتھ نئے نئے تشخیص شدہ 5 افراد میں سے ایک خاتون تھی۔



HIV کے ساتھ نئی نئی تشخیص شدہ 50% سے زائد خواتین کی عمر 20 سے 39 سال تھی۔

ان خواتین میں 10 میں سے نو خواتین سیاہ فام یا لاطینی تھیں۔



HIV کے ساتھ نئی تشخیص شدہ 97% لگ بھگ خواتین کے بارے میں مانا جاتا تھا کہ انہیں جنسی رابطے کی ذریعہ HIV لاحق ہوا ہے۔

HIV والی ہر 10 خواتین میں سے:

- 9.6 کی تشخیص ہوئی تھی۔
- 8.9 کو HIV کی نگہداشت موصول ہوئی۔
- 8.0 کو HIV کا علاج کرنے کے لیے دوائیں (ریٹروائرس مخالف معالجہ) تجویز کیا گیا تھا
- 8.0 کو وائرل انداز میں دبا دیا گیا تھا۔

PrEP اور HIV کی روک تھام

PrEP

قبل از ابتلا پروفائلیکسس (Pre-Exposure Prophylaxis, PrEP) ایک محفوظ اور مؤثر دوا ہے جو HIV کو روکتی ہے۔ حسب تجویز لیے جانے پر، PrEP مجامعت کے ذریعے HIV ہونے کے خطرے کو لگ بھگ 99% تک کم کرتی ہے۔

صرف 35% جنسی لحاظ سے فعال[1] خواتین نے PrEP کے بارے میں سن رکھا تھا۔ PrEP کی واقفیت خواتین کے بیچ نسل اور نسب کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے:

لاطینی	20%
ایشیائی یا پیسفک جزیرے کا باشندہ (غیر لاطینی)	29%
سیاہ فام (غیر لاطینی)	39%
سفید فام (غیر لاطینی)	45%

PrEP کو گولی کے بطور دن میں ایک بار یا انجیکشن کے بطور آپ کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کے دفتر میں لیا جا سکتا ہے۔ اپنے لیے بہترین اختیارات کے بارے میں اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں۔ امریکن کالج آف آبسٹیٹریشینز اینڈ گائناکالوجسٹ (American College of Obstetricians and Gynecologists) کی تجویز ہے کہ ماہرین زچگی اور ماہرین امراض نسواں جنسی لحاظ سے فعال مریضوں کے ساتھ PrEP کے بارے میں گفتگو کریں۔

روک تھام کے اضافی ٹولز

- کنڈوم اور رکاوٹ کے دوسرے طریقے استعمال کریں۔
- HIV کی دوائیں حسب تجویز لے کر ناقابل دریافت وائرل لوڈ کو برقرار رکھیں۔ HIV والے جو افراد کم از کم چھ ماہ تک ناقابل دریافت وائرل لوڈ برقرار رکھتے ہیں وہ جماع کے ذریعے HIV کو منتقل نہیں کر سکتے، جو "ناقابل دریافت ناقابل منتقلی" کے برابر ہے (undetectable equals untransmittable, U=U) کے بطور بھی معروف ہے۔
- HIV اور جنسی لحاظ سے منتقل شدہ دوسرے انفیکشنز کے مدنظر ٹیسٹ کروائیں۔
- اگر ممکن ہے کہ آپ HIV کی زد میں آ گئی ہوں تو بعد از ابتلا پروفائلیکسس (Post-Exposure Prophylaxis, PEP) لیں۔ PEP ہنگامی دوا ہے جو HIV کے انفیکشن کو روک سکتی ہے۔

[1] جنسی لحاظ سے فعال کی صراحت یوں کی گئی ہے کہ اس نے پچھلے 12 مہینوں میں جماع کیا ہو۔

HIV کو متاثر کرنے والے سماجی عوامل

صحت مند رہنے کی کسی شخص کی اہلیت ایسے سماجی عوامل یا تجربات سے متشکل ہوتی ہے جو ان کے کنٹرول میں نہیں ہوتے ہیں، جو HIV کی ٹیسٹنگ، روک تھام اور نگہداشت کی خدمات تک ان کی رسائی کو متاثر کر سکتے ہیں۔[2]

ان عوامل میں درج ذیل تک محدود رسائی ہونا یا نہ ہونا دونوں شامل ہیں:

- رہائش
- طبی نگہداشت
- غذا
- نگہداشت طفل
- صحت بیمہ

صحت کو متاثر کر سکنے والے دیگر تجربات میں شامل ہیں:

- اسیری
- گھریلو تشدد
- نسل پرستی، جنس پرستی، کلنک اور امتیازی سلوک

[2] عوامل کی یہ فہرست ایک اشاریہ ہے اور جامع نہیں ہے۔

اضافی وسائل

HIV کی روک تھام، ٹیسٹنگ اور علاج

HIV کی ٹیسٹنگ، علاج اور روک تھام، PrEP، PEP اور کنڈومز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/health/hiv** ملاحظہ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں۔

فراہم کنندہ کو تلاش کرنے میں مدد کے لیے، **311** یا (844-692-4692) 844-NYC-4NYC پر کال کریں یا **nyc.gov/health/map** ملاحظہ کریں۔

988 مشاورت اور تعاون

988 پر مفت، بحران سے متعلق رازدارانہ مشاورت، ذہنی صحت اور ممنوعات کے استعمال سے متعلق تعاون اور نگہداشت کے نام ریفرل کے لیے رابطہ کریں۔

988 پر کال یا ٹیکسٹ کریں یا **nyc.gov/988** پر چیٹ کریں۔ ٹیکسٹ اور چیٹ کی خدمات انگریزی اور ہسپانوی میں دستیاب ہیں اور صلاح کار 200 سے زائد زبانوں میں بذریعہ فون 24/7 دستیاب ہیں۔

گھریلو اور صنف پر مبنی تشدد سے متعلق تعاون

اگر آپ کو یا آپ کے کسی واقف کار کو گھریلو یا صنف پر مبنی تشدد کا سامنا ہو رہا ہے تو کال کریں:

- **911** پر کسی ایمرجنسی کی حالت میں
- **311** پر اور قریب ترین NYC فیملی جسٹس سنٹر (NYC Family Justice Center) سے مربوط کرنے کو کہیں۔ رازدارانہ اعانت بذریعہ فون اور بذات خود بروز پیر تا جمعہ، 9 بجے صبح سے 5 بجے شام تک دستیاب ہے۔
- NYC کی 24/7 ڈومیسٹک وائلنس ہاٹ لائن (Domestic Violence Hotline) کو 800-621-HOPE (800-621-4673) سے فوری حفاظتی منصوبہ بندی، پناہ گاہ میں اعانت اور دیگر وسائل کے لیے رابطہ کریں۔ ٹیلی ٹائپ رائٹر (TTY) کے لیے درج ذیل پر رابطہ کریں: 800-810-7444۔

اس مواد میں پیش کردہ معلومات NYC محکمۂ صحت (NYC Health Department) کی خواتین کے مشاورتی بورڈ کی سیاہ فام اور لاطینی خواتین کی ذیلی کمیٹی (Black and Latina Women's Subcommittee of the Women's Advisory Board) کے باہمی تعاون سے تیار کی گئی تھیں۔ HIV سرویلانس کا سارا ڈیٹا 31 مارچ 2024 تک کا ہے اور اس میں خلقی صنف اور مخنث خواتین سے متعلق معلومات شامل ہیں۔